پہلا سمسٹر I Semester	بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular	اگست 2021

پرچہ : اردو کی تدریس

Paper - B9ED111DST : Pedagogy of Urdu

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks — وقت : Time : **3** Hrs گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. زبان کی مختلف اقسام پر مختصر نوٹ لکھیے۔
2. بچوں کی تعلیم و تربیت میں مادری زبان کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔
3. اردو نثر و نظم کے درمیان فرق واضح کیجیے۔
4. ہندوستانی آئین میں اردو زبان کے مقام و مرتبہ پر مختصراً روشنی ڈالیے۔
5. تدریس کے عام اصول بیان کیجیے۔
6. استقرائی اور استخراجی طریقہ کار کے درمیان فرق کو واضح کیجیے۔
7. لکھنا سکھانے کے مختلف طریقوں کو مثالوں کے ذریعہ سمجھائیے۔
8. طلبہ میں مطالعہ کی عادت کو فروغ دینے کے لیے چند سرگرمیوں پر گفتگو کیجیے۔
9. ثانوی سطح پر اردو زبان کی تدریس کے مقاصد بیان کیجیے۔
10. خرد تدریس کی اہمیت و افادیت قلم بند کیجیے۔

حصہ دوم

11. زبان کے مفہوم کو واضح کرتے ہوئے اس کے افعال پر تفصیلاً روشنی ڈالیے۔
12. اردو زبان کے آغاز و ارتقاء کے سلسلے میں مختلف نظریات کو تفصیل سے بیان کیجیے۔
13. تدریس کے مفہوم کو واضح کرتے ہوئے ایک معیاری تدریس کی خصوصیات تحریر کیجیے۔
14. ''قوت سماعت قدرت کا انمول تحفہ ہے'' اس قول کی روشنی میں سماعت کے آداب و اجزا کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔
15. بلوم کے مقاصد کی درجہ بندی کا تعارف بیان کرتے ہوئے وقوفی علاقہ (Cognitive Domain) کو وضاحت کے ساتھ پیش کیجیے۔

☆☆☆